16

دریا کنارے چاندنی

کیا چھا رہی ہے چاندنی
اٹھلا رہی ہے چاندنی
دریا کی اک اک لہر کو
نہلا رہی ہے چاندنی
لہرا رہی ہے چاندنی!
دریا کنارے دیکھنا
پانی میں تارے دیکھنا
تاروں کو دامن میں لیے
کیا کیا نظارے دیکھنا
دکھلا رہی ہے چاندنی!



© NCERT not to be republished

ٹھنڈی ہوا خاموش ہے
اجلی فضا خاموش ہے
خاموش ہے سارا جہاں
ہر اک صدا خاموش ہے
اور چھا رہی ہے چاندنی!

اے لو وہ بدلی آ گئی
اور چاندنی پر چھا گئی
باہر نکلنے کے لیے
پھر آئی پھر کترا گئی
گھبرا رہی ہے چاندنی!

لو رات کے منظر چلے
تارے بھی گھل گھل کر چلے
بیٹھے ہوئے یاں کیا کریں
اختر ہم اپنے گھر چلے
اب جا رہی ہے چاندنی!

(اختر شیرانی)

© NCERT not to be republished

مشق

لفظ اور معنی:

فضا	:	منظر، ماحول
دامن	:	آنچل
نظارہ	:	منظر
صدا	:	آواز

غور کیجیے:

- 'چاندنی میں نہانا'، محاورے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ 'چاندنی کا دریا کی لہروں کو نہلانا' ایک انوکھا خیال ہے۔
- چاندنی کا اِٹھلانا، لہرانا اور گھبرانا بڑا خوب صورت اور پر لطف طرزِ بیان ہے۔

سوچیے، بتایئے اور لکھیے:

1۔ شاعر نے نظم میں کس چیز اور کس جگہ کا منظر پیش کیا ہے؟

2۔ 'دریا کی اک اک لہر کو نہلا رہی ہے چاندنی' کا کیا مطلب ہے؟

3۔ پانی میں تارے کیوں نظر آ رہے ہیں؟

4۔ شاعر نے چاندنی کے گھبرانے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

نیچے دیے ہوئے لفظوں سے جملے بنایئے:

چاندنی — صدا — دامن — بدلی — منظر

© NCERT not to be republished

کچھ الفاظ ایسے ہوتے ہیں جن کی آوازیں یکساں یا ملتی جلتی ہوتی ہیں لیکن ان کے معنی الگ الگ ہوتے ہیں۔ ایسے لفظوں کی دو قسمیں ہیں۔

- ایک وہ جن کی آوازیں اور حروف دونوں ایک ہی ہوں۔ مثلاً

لفظ	معنی	لفظ	معنی
بدلی	بادل کا ٹکڑا	چشمہ	عینک
بدلی	تبادلہ یا بدلی ہوئی شکل	چشمہ	پانی کا سوتا

- دوسری وہ جن کی آوازیں یکساں ہوتی ہیں، لیکن ان کے حروف میں فرق ہوتا ہے۔ مثلاً

لفظ	معنی	لفظ	معنی
آم	ایک پھل	صدا	آواز
عام	معمولی	سدا	ہمیشہ

- خانوں میں دیے ہوئے لفظوں کے معنی لکھیے :

لفظ	معنی	لفظ	معنی
مانگ	....	کان	....
مانگ	....	کان	....

لفظ	معنی	لفظ	معنی
کثرت	....	آری	....
کسرت	....	عاری	....

© NCERT not to be republished

نیچے دی ہوئی تصویر کی مدد سے ایک کہانی بنائیے اور خالی جگہوں میں لکھیے :

© NCERT not to be republished

....

....

....

....

....

نیچے دیئے ہوئے مصرعوں کو مکمّل کیجیے:

1۔ دریا کی اک اک .... کو

2۔ پانی میں .... دیکھنا

3۔ اجلی .... خاموش ہے

4۔ اور .... پرچھا گئی

5۔ لو رات کے .... چلے

6۔ اختر ہم اپنے .... چلے

نیچے دیئے ہوئے لفظوں کی جمع لکھیے:

واحد	تارا	پھول	فضا	منظر	صدا	ندی	نظارہ	لہر
جمع	....	....	....	....	....	....	....	....

عملی کام:

- نظم کو زبانی یاد کیجیے۔

© NCERT not to be republished